© rasailojaraid.com

# حسنِ انتقاد



تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔

مدیر

ماہنامہ ''آب حیات'' لاہور

مدیر: محمود الرشید حدوٹی

قیمت فی شمارہ: ۱۰ روپے

زرِ تعاون سالانہ: ۱۰۰ روپے

خط و کتابت کیلئے پتا: محمود الرشید حدوٹی جامعہ اشرفیہ، مسلم ٹاؤن، فیروز پور روڈ۔ لاہور

''آب حیات'' اس گئے گزرے دور میں، قلمی جہاد کرنے والے پرچوں کی صف میں ایک بیش بہا اضافہ ہے۔ اگر چہ اس کے مضامین مختلف اخبارات و جرائد کے منتخب کردہ ہیں مگر انتہائی دل چسپ اور معلومات افزاد ہیں۔ قاری کو صحیح اسلامی نہج پر راہنمائی کرتے ہیں۔

جناب محمود الرشید حدوٹی قابل مبارک باد ہیں کہ جن کی سرپرستی میں یہ پرچہ طبع ہوتا ہے۔ اڑتالیس صفحات کے اس مختصر جریدے میں بارہ پر مغز مضامین شامل ہیں۔ کہ جنہیں پڑھ کر، قاری اس تاریکی کے دور میں کچھ نہ کچھ امید افزا باتیں اخذ کر سکتا ہے۔

## بقیہ اداریہ

ان نعروں کی حقیقت کیا ہے؟ بہت کچھ ہو چکا اور بہت کچھ ابھی باقی ہے۔ غبار چھٹ جانے دو، معلوم ہو جائے گا کہ گدھے پر سوار ہو یا گھوڑے پر! سوچنے کی بات یہ ہے کہ امتحان و آزمائش اور ابتلاء و مصائب کے اس ماحول میں دینی جماعتوں کا کیا کردار ہونا چاہیے۔ ہمیں ہر صورت میں اپنا دامن بچانا ہوگا۔ اپنے اسلاف کا کردار زندہ کرنا ہوگا اور یہ نعمت خلوص نیت اور حسن عمل کے بغیر حاصل نہیں ہو سکے گی۔ اللہ تعالیٰ ہماری حفاظت فرمائے اور ہمیں اپنے دین کے لئے قبول فرمالے۔ (آمین)

© rasailojaraid.com